قرآنِ مجید
ترجمہ: کنزالایمان
تفسیر: نورالعرفان

وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ﴿۵۹﴾ فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِیْنَ ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا

کیا اور ان کا وارث کر دیا بنی اسرائیل کو ۱ تو فرعونیوں نے ان کا تعاقب کیا دن نکلے ۲

تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓی اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ﴿۶۱﴾

پھر جب آمنا سامنا ہوا دونوں گروہوں کا موسیٰ والوں نے کہا ہم کو انہوں نے آ لیا ۳

قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ ﴿۶۲﴾ فَاَوْحَیْنَآ اِلٰی

موسیٰ نے فرمایا یوں نہیں بے شک میرا رب میرے ساتھ ہے ۴ وہ مجھے اب راہ دیتا ہے

مُوْسٰٓی اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ؕ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ

تو ہم نے موسیٰ کو وحی فرمائی کہ دریا پر اپنا عصا مار تو جبھی دریا پھٹ گیا ۵ تو ہر

فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِیْمِ ﴿۶۳﴾ وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِیْنَ ﴿۶۴﴾ وَ

حصہ ہو گیا جیسے بڑا پہاڑ ۶ اور وہاں قریب لائے ہم دوسروں کو ۷ اور

اَنْجَیْنَا مُوْسٰی وَمَنْ مَّعَهٗٓ اَجْمَعِیْنَ ﴿۶۵﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا

ہم نے بچا لیا موسیٰ اور اس کے سب ساتھ والوں کو ۸ پھر دوسروں کو

الْاٰخَرِیْنَ ﴿۶۶﴾ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

ڈبو دیا ۹ بے شک اس میں ضرور نشانی ہے ۱۰ اور ان میں اکثر مسلمان

مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۶۷﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ﴿۶۸﴾ وَاتْلُ

نہ تھے ۱۱ اور بے شک تمہارا رب ہی عزت والا مہربان ہے اور ان پر

عَلَیْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِیْمَ ﴿۶۹﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِیْهِ وَقَوْمِهٖ مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۷۰﴾

پڑھو خبر ابراہیم کی ۱۲ جب اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے فرمایا تم کیا پوجتے ہو ۱۳

قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِیْنَ ﴿۷۱﴾ قَالَ هَلْ

بولے ہم بتوں کو پوجتے ہیں پھر ان کے سامنے آسن مارے رہتے ہیں فرمایا کیا وہ

یَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ﴿۷۲﴾ اَوْ یَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ یَضُرُّوْنَ ﴿۷۳﴾

تمہاری سنتے ہیں جب تم پکارو یا تمہارا کچھ بھلا برا کرتے ہیں ۱۴

(بقیہ صفحہ ۵۸۸) الٰہی نہیں آ سکتا۔ مصر میں یوسف علیہ السلام اور آپ کے بھائیوں کی قبریں تھیں۔ اسی لئے فرعون پر وہاں رہ کر عذاب نہ آیا بلکہ باہر نکال کر۔ دوسری قوموں پر ان کی بستیوں میں ہی عذاب آگیا مصر محفوظ رہا ان بزرگوں کی برکت سے۔ ۱۴۔ یعنی بظاہر یہ فرعونی پکڑنے جا رہے تھے لیکن درحقیقت وہ پکڑے میں جا رہے تھے۔

۱۔ چنانچہ غرق فرعون کے بعد فوراً یا حضرت داؤد علیہ السلام کے زمانے میں بنی اسرائیل مصر میں جا کر آباد ہوئے اور فرعونیوں کی تمام جائیدادوں پر قبضہ کر لیا۔ اگر عہد داؤدی میں یہ حضرات مصر پہنچے ہوں تو معنی یہ ہیں کہ بنی اسرائیل فرعونی مالوں کے مالک تو فوراً ہو گئے تھے لیکن قبضہ بعد میں کیا۔ چونکہ مصر میں عذاب نہ آیا تھا اس لئے وہاں رہنا جائز تھا ۲۔ چنانچہ فرعون نے لشکر اس طرح مرتب کیا کہ چھ لاکھ آگے' چھ لاکھ دائیں' چھ لاکھ بائیں' چھ لاکھ پیچھے اور بے شمار جماعت وسط میں تھی اور خود فرعون ان کے درمیان تھا۔ ۳۔ کہ آگے دریا ہے اور پیچھے فرعونی لشکر ۴۔ یعنی رب میرے ساتھ ہے اور میں تمہارے ساتھ ہوں۔ لہٰذا رب تمہارے ساتھ بھی ہے' اور جس کے ساتھ رب ہو' اس پر کوئی غالب نہیں آ سکتا۔ اس سے معلوم ہوا کہ پیغمبر رب کے ملنے کا وسیلہ عظمیٰ ہیں کہ انکے بغیر رب نہیں ملتا۔ جو نبی کے ساتھ ہے رب ان کے ساتھ ہے اور جو نبی سے علیحدہ ہیں' رب سے دور ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام کا یہ فرمانا اس بنا پر تھا کہ رب نے فرمایا تھا۔ اننی معکما میں تم دونوں کے ساتھ ہوں ۵۔ اس طرح کہ دریا کے بارہ حصے ہو گئے۔ جس سے بارہ خشک راستے بن گئے یہ دریائے قلزم تھا جو بحر فارس کا ایک حصہ ہے۔ یہاں سے مصر تین دن کی راہ ہے۔ ۶۔ یعنی ان راستوں کے دونوں طرف پانی کے پہاڑ کھڑے ہو گئے۔ سبحان اللہ ۷۔ فرعون اور اس کے لشکر کو' اس طرح کہ بنی اسرائیل جب باہر نکلے تو فرعونی بیچ دریا کے پہنچے ۸۔ اس سے معلوم ہوا کہ اصل میں تو موسیٰ علیہ السلام کو پار لگانا تھا۔ دوسروں کو اس لئے پار لگایا کہ وہ حضرت موسیٰ کے ساتھ تھے۔ اس لئے ومن معہ فرمایا گیا۔ لکڑی کے طفیل لوہا بھی تر جاتا ہے۔ بزرگوں کی ہمراہی دین و دنیا میں نجات کا ذریعہ ہے ۹۔ اس طرح کہ جب فرعونی بیچ سمندر میں آ گئے اور بنی اسرائیل نکل گئے تو ان تمام پانی کے پہاڑوں کو آپس میں مل جانے کا حکم دے دیا گیا ۱۰۔ اس زمانے کے مومنوں کو تو دیکھ کر اور بعد کے لوگوں کو' ان کے قصے سن کر' بلکہ فرعون کی لاش دیکھ کر' کیونکہ اس کی لاش بعد میں محفوظ رکھی گئی۔ رب فرماتا ہے۔ اَلْیَوْمَ نُنَجِّیْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰیَةً ۱۱۔ اہل مصر میں صرف تین حضرات ایمان لائے۔ حضرت آسیہ فرعون کی زوجہ۔ حضرت خربیل آل فرعون کا مومن اور بی بی مریم بنت ناموشا۔ جنہوں نے حضرت یوسف علیہ السلام کی قبر شریف کا پتہ موسیٰ علیہ السلام کو دیا۔ ۱۲۔ معلوم ہوا کہ حضور کو تو حضرت ابراہیم کی خبر پہلے سے ہے۔ قرآن کریم میں ان خبروں کا بیان فرمانا' لوگوں کو سنانے کے لئے ہے۔ ۱۳۔ آپ کا یہ سوال سرزنش کے لئے ہے' ورنہ آپ کو تو معلوم تھا کہ یہ لوگ بت پرست ہیں۔ ۱۴۔ یعنی ان بتوں میں یہ کچھ نہیں' تو پھر انکی پوجا سے کیا فائدہ ہے